بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# میزان کارڈ کے ذریعے خریداری پر ملنے والے ڈسکاؤنٹ کا حکم

**سوال:**

محترمی ومکرمی متکلم اسلام مولانا محمد الیاس گھمن حفظہ اللہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

آج کل بعض شاپز اور ہوٹلز پر ایک آفر مل رہی ہے کہ اگر آپ میزان کارڈ کے ذریعے بِل کی ادائیگی کریں گے تو آپ کو 25 فیصد ڈسکاؤنٹ ملے گا۔ اسی طرح میزان کے ATM کارڈ پر بھی ڈسکاؤنٹ ملتا ہے۔ آیا اس قسم کے ہوٹلز پر کھانا کھانا اور ایسی شاپز سے خریداری کرنا درست ہے؟

**سائل: عبد اللہ قائم، کراچی**

**جواب:**

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

میزان بینک کا مکمل پراسس علماء بورڈ کی نگرانی میں چل رہا ہے۔ اس لیے ان علماء پر اعتماد کرتے ہوئے میزان بینک کے اے ٹی ایم کے ذریعے پراڈکٹس خریدنے اور میزان کارڈ کے ذریعے خریداری پر ہوٹلز یا شاپز کی طرف سے ملنے والے ڈسکاؤنٹ حاصل کرنے کی گنجائش ہے۔

**واللہ اعلم بالصواب**

**21-اپریل 2021ء**